# 4272 ـ انکشاف ہوا کہ تحفہ توچوری شدہ ہے

**سوال**

میرے چچا نے مجھے کمپیوٹرتحفہ میں دیا ، بعد میں علم ہوا کہ یہ کمپیوٹر توچوری کیا ہوا ہے اورمیرے چچا نے سڑک سے خریدا ہے ، توکیا یہ ممکن ہے کہ میں کمپیوٹر اپنے پاس ہی رکھوں کیونکہ میرے چچا کی طرف سے ھدیہ ہے یا مجھے مالک کوواپس کرنا چاہیے ، اس لیے کہ مالک کا ایڈریس مجھے کمپیوٹرمیں سے ملا ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

آپ کے لیے اسے اپنے پاس محفوظ رکھنا جائز نہیں ، بلکہ اس کے مالک کوواپس کرنا واجب ہے ، اوریہ آپ کے پاس امانت ہے جتنی بھی جلدی ہوسکے اسے مالک کوواپس کیا جائے ۔

ہاں یہ ہوسکتا ہے کہ آپ بیچنے والے سے اس کی قیمت واپس کرنے کا مطالبہ کرسکتے ہیں ، کیونکہ اس نے ایسی چیزبیچی ہے جواس کی ملکیت ہی نہیں تھی ۔

واللہ اعلم .